باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED مستونگ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Reg # 190-C

روزنامہ عصرِ نو مستونگ

Daily ASR-E-NAU Mastung

Member APNS/CPNE

چیف ایڈیٹر: علی ابڑی

قیمت 10 روپے

Daily.asrenau@gmail.com

جلد نمبر 27 | پیر 24 اگست 2026ء | 10 ربیع الاول 1448ھ | صفحات 8 | شمارہ نمبر 192

یہ وہ خوف اور ڈر ہے جو ہمارے لیڈروں کے دلوں سے نہیں نکل سکا، جو کہ دوغلے پن کے مترادف ہے۔ ایک دہشت گرد و تنظیم سرانان حملے کو خود نہ صرف تسلیم کر رہی ہے بلکہ تصویریں بھی ریلیز کر چکی ہے، لیکن ہمارے لیڈروں میں ہمیشہ دو چیزوں کی ضد دیکھی گئی ہے

سرانان واقعے کی ذمہ داری دہشتگرد تنظیم قبول کر چکی محمود خان اچکزئی دوغلے پن کی وجہ سے دہشتگردوں کا نام نہیں لے رہے

ضیاء لاہور

عوام سے اصل حقائق چھپا کر شارٹ کٹ راستہ اختیار کرتے ہوئے سب کچھ حکومت کے سر ڈال دیتے ہیں حقیقت پوری دنیا کو پتا ہے، اس لیے جو اپنے آپ کو لیڈر کہتے ہیں ان کو نہیں ڈرنا چاہیے بلکہ لیڈرز کو میدان میں عوام کی قیادت کرنی چاہیے اور حقیقت بات لوگوں تک پہنچانی چاہیے

محمود خان اچکزئی سمیت پشتون لیڈر پشتونوں کی ترقی و خوشحالی اور انہیں جدید دنیا کے تقاضوں کے مطابق دیگر اقوام کے برابر لانے کے لیے آزاد افغانستان قریب جیسی بات ہے جس سے نہ صرف پشتون قوم بلکہ پوری دنیا خوش ہوگی لیکن افسوس کہ پشتونوں کو اصل بات، حقائق اور سچائی بتانے کے بجائے غلط راستہ اختیار کیا گیا، پشتون دوغلی پالیسی کا شکار ہیں

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے دہشت گرد عناصر کا نام لے کر لمبا لائی کر رہے ہیں اور اصل حقائق پشتونوں سے چھپائے رکھتی ہیں نے محمود خان اچکزئی کے بیان پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اپنی جان کے خوف کی وجہ سے

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایران کھل جنگ میں ہے، معیشت کے سنگین مسائل پر حکومت شرمندہ ہے، صدر پیزشکیان

ایران اس وقت معاشی، فوجی اور سکیورٹی محاذ پر شدید دباؤ کا سامنا کر رہا ہے

تہران (ہم ذ) ایرانی صدر مسعود پیزشکیان نے ملک کو درپیش موجودہ صورتحال کو مکمل جنگ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران اس وقت معاشی، فوجی اور

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں انٹیلی جنس آپریشنز کے دوران 70 دہشتگرد ہلاک ہوئے

پاک فوج

کیلکیولیٹی ادارے دہشتگردوں کے خلاف صرف حملے کے بعد کارروائی کرنے کے بجائے ان کے نیٹ ورک اور منصوبہ بندی کو پہلے ہی نشانہ بنانے کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہیں

راولپنڈی / کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع ہنگلو میں شاہراہ N-85 پر قائم سیکیورٹی پوسٹ پر قندھار ہندوستان (FAH) سے وابستہ دہشتگردوں نے بزدلانہ حملہ کرنے کی کوشش کی جسے سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنا دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چوکی پر تعینات جوانوں اور مستعد اہلکاروں نے دہشتگردوں کی حرکت کو بروقت بھانپتے ہوئے فوری جوابی کارروائی کی، جس کے نتیجے میں حملہ آوروں کو شدید جانی نقصان اٹھانا پڑا اور وہ اپنے منصوبے میں ناکام ہو گئے۔

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیر واحد کی خاطر فیصلے نہیں ٹال سکتے

فضل الرحمن

بلوچستان میں حکومت کی رٹ ختم ہو گئی، میں بلوچستان میں ایک گاڑی میں گھومتا رہا، آج وہاں تصور بھی نہیں کیا جا سکتا، خیبر پختونخوا میں شاہراہوں پر ناکہ لگے ہوتے ہیں، صوبوں کے حوالے سے ہم مشورہ دے رہے ہیں کہ اس وقت صوبوں کو توڑنا کسی صورت درست نہیں

پارلیمنٹ میں 40 فیصد ممبران کہہ دیں کہ مسئلہ اسلامی نظریاتی کونسل جائے تو ہر صورت جائے گا، 26 ویں ترمیم کا مسئلہ اسلامی نظریاتی کونسل کثرت رائے سے گیا لیکن بھی عملدرآمد نہیں ہوا، فوج کو بھی سیاست میں مداخلت کا حق نہیں، ہم پاکستان کی مضبوط دفاعی قوت کے قائل ہیں

پشاور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ فرد واحد کی خاطر فیصلے نہیں ٹال سکتے، ہمیں رویوں میں تبدیلی لانی ہوگی، دیوانے دل میں نہ رکھنے والے مخلص نہیں ہو جاتے، معاشرے کا عدل فراہم کرنے کی ضرورت ہے، ظلم کیساتھ ٹھہرانی برقرار نہیں رہ سکتی، پارلیمنٹ میں قرآن و سنت کے مبانی کوئی قانون پاس نہیں ہو سکتا، معاشرے میں سکون کو پھانسی لگ سکتی تو تمہیں پاہو پر مقدمہ کیوں نہیں ہو سکتا، ہم بھی امریکا کے اتحادی بن گئے، دہشت گردی کے خلاف ہم ڈرائیور بنے ہیں، کیا دہشت گردی ختم ہو گئی؟۔ اقوار کو یہاں پنے یو آئی کے کنونشن میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم نے جو اتحاد اپوزیشن کی بات کی آدھے گھنٹے میں سیٹ اور نوٹی آبجی سے قانون پاس ہو گیا، ہماری میٹنگیں اپوزیشن کیساتھ موجودہ صورتحال پر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دانت دل میں نہ رکھنے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد صدر آصف علی زرداری سعودی عرب کے ولیعہد نواف بن سعید المالکی سے ملاقات کر رہے ہیں

شام کے وزیر خارجہ کا 19 سال بعد پاکستان کا دورہ، سیکیورٹی تعاون بڑھانے کا اعادہ

دمشق / اسلام آباد (این این آئی) شام کے وزیر خارجہ نے 19 سال کے طویل عرصے بعد پاکستان کا دورہ کیا اور اس دوران دونوں ممالک کے درمیان سیکیورٹی اور اقتصادی تعاون مضبوط کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا اور دورے کو وطرفہ تزویراتی تعاون کے نئے دور کا آغاز قرار دیا گیا۔ شامی خبر رساں ادارے نے رپورٹ میں بتایا کہ شام کے وزیر خارجہ پاکستان کا تاریخی دورہ کیا جو دوطرفہ تعلقات میں نئے باب کا آغاز ہے اور دونوں ممالک علاقائی

بقیہ 92 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایران امریکا دو پاہنگ بندی کیلئے پاکستان کی کوششیں جاری، فیلڈ مارشل کل ایران کا دورہ کریں گے

فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورے کا مقصد پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانا ہے، رپورٹ

تہران (این این آئی) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر (آج) بدھ کو تہران کا دورہ کریں گے۔ دورے کے دوران اہم ملاقاتیں ہوں گی۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نیکیا فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورے کا مقصد پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانا

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسرائیل پر اعتماد نہیں، شام نے بیس پر اسرائیلی حملے کے بعد رابطے منقطع کر دیے

دمشق (آن لائن) شام نے بیس پر اسرائیلی حملے کے بعد اسرائیل سے رابطے منقطع کر دیے۔ خبر رساں ادارے سے گفتگو میں شامی وزیر خارجہ اسعد

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی سے بلوچستان میں شاہراہوں کی تعمیر کے لیے 74 ارب روپے سے زائد جاری

حکومت نے بلوچستان کی مرکزی شاہراہوں کی تعمیر کے لیے یہ فنڈز جاری کیے ہیں، دستاویزات

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے پٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی سے بلوچستان میں شاہراہوں کی تعمیر کے لیے 74 ارب روپے سے زائد جاری کر دیے۔ وزارت خزانہ سے جاری دستاویزات کے مطابق پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی (پی ڈی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پشاور / امیر یو یو آئی مولانا فضل الرحمن ورکرز کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

شہباز شریف کی جاتی امراء آمد، نواز شریف سے اہم سیاسی مشاورت

آزاد کشمیر کے وزیر اعظم کی نامزدگی اور پارٹی امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے ملاقات کی۔ جاتی امراء رائے ونڈ میں ہونے والی ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال، آزاد کشمیر کے لئے وزیر اعظم کی نامزدگی اور پارٹی امور پر تفصیلی

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

چین کے بغیر امریکا کیلئے ایران کو معاشی طور پر تنہا کرنا ممکن نہیں، نیویارک ٹائمز

ایران پر معاشی دباؤ بڑھانے کی امریکی کوشش ناکام ہو گئی، چین کا واشنگٹن کے ساتھ تعاون کرنا ہے یا تہران کے ساتھ تجارتی تعلقات برقرار رکھنا ہے

واشنگٹن (آن لائن) امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے اپنے تجزیے میں کہا ہے کہ ایران کو معاشی طور پر تنہا کرنے کی امریکی کوششیں چین کے تعاون کے بغیر کامیاب ہونا مشکل ہیں۔ نیویارک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق چین ایران کا سب سے بڑا

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

امریکی جج نے پاکستان سمیت 75 ممالک پر امیگریشن ویزا پابندی ختم کر دی

فیصلے کے تحت صرف اس پالیسی کی بنیاد پر مسترد کیے گئے ویزوں کے تمام فیصلے کالعدم قرار دیے گئے ہیں

نیویارک (این این آئی) امریکہ کی ایک وفاقی عدالت کے جج نے پاکستان سمیت 75 ممالک کے لاکھوں شہریوں کو ویزا جاری کرنے پر حکومت کی عائد

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ کا ایران پر معاشی پابندیوں کا اعلان جنگ میں شکست کا اعتراف ہے، پاسداران انقلاب

بریگیڈیئر جنرل حسین نجی نے کہا کہ جو کچھ کہ ان کے کمی بھی جارحانہ اقدام کے لیے ہمارے پاس مختلف منصوبے موجود ہیں

تہران (ہم ذ) ایران کے پاسداران انقلاب نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران پر معاشی پابندیوں کا اعلان جنگ کے میدان میں فوجی شکست کا اعتراف ہے۔ دائمی بازو کے سیاسی تجزیے اور سائل پر مشتمل ایرانی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق پاسداران انقلاب کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل حسین نجی نے سماجوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امریکی صدر کا یہ اعلان جنگ کا حکم دیا ہے اور ایران پر سخت ترین اقتصادی

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پوکرین نے روس کے معاشی اہداف پر حملے کرکے پندورا بکس کھول دیا ہے، پیوٹن

ماسکو (این این آئی) روسی صدر ولادیمیر پیوٹن نے کہا ہے کہ یوکرین نے روس کے معاشی اہداف پر حملے کرکے پندورا بکس کھول دیا ہے اور اب روس بھی یوکرین کے انتہائی حساس معاشی شعبوں کو نشانہ بنا کر

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایران میں امریکا اور اسرائیل کی مدد کے الزام میں شخص کو پھانسی دے دی گئی

تہران (ایس این آئی) ایران نے جنوری میں ہونے والے حکومت مخالف مظاہروں کے دوران امریکا اور اسرائیل کی مدد کرنے کے الزام میں ایک شخص کو پھانسی دے دی۔ ایرانی عدلیہ کے مطابق مجید مدیری نامی شخص کو مظاہروں کے دوران تین سرکاری

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ہی کسی گرینڈ اپوزیشن اتحاد کا حصہ نہیں بنیں گے

حافظ نعیم الرحمن

صوبائی دارالحکومتوں کے ساتھ اضلاع کی سطح پر احتجاجی کیمپ بھی لگائے جائیں گے جبکہ پیدل مارچ اور اسلام آباد دھرنے کا آپشن بھی زیر غور ہے۔

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کسی گرینڈ اپوزیشن اتحاد کا حصہ نہیں بنے گی بلکہ نظام کی تبدیلی کے لیے اپنے بل بوتے پر حکوام کا متبادل سیاسی فورم پر لڑے گی۔ لاہور میں سینئر صحافیوں اور ایڈیٹرز سے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سانحہ لیاقت آباد کا مقدمہ سیاسی فورم پر

کراچی میں موجود موبائل موبی حالات میں میت کی واپسی کے لیے جو کوشش ہوگی، وہ تمام اقدامات کیے جائیں گے، وفاقی وزیر اطلاعات نثرات کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے پاکستانی کو ویزا ڈاکٹر اسماعیل کی میت کو قراقرم کے بلند پہاڑی مقام اسلام آباد

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ساحل اور وسائل کے استحصال کے علاوہ بلوچستان کے مسائل کا حل بندوق نہیں بلکہ بات چیت ہے

وزیر اعظم کا یہ کہنا درست ہے کہ بلوچستان کے مسائل کا حل بندوق نہیں بلکہ بات چیت ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ و سابق وزیر اعلیٰ و رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ مسخ شدہ لاشوں، اجڑی ماؤں اور یتیم بچوں کے بعد بھی بلوچستان سے انصاف نہ ہوا، وزیر اعظم شہباز شریف نے بلوچستان میں قومی ڈائیلاگ کی بات کی ہے ویسے ہی ڈائیلاگ اور مذاکرات کی بات وزیر اعظم اپوزیشن جماعتوں سے متعلق بھی کر رہے ہیں، جس طرح قندا الخوارج بھارتی سرپرستی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بارش متاثرین کو فوری امداد، رہائش اور طبی سہولیات فراہم کی جائیں، بلاول بھٹو

قدرتی آفت سے متاثرہ افراد کی مشکلات کم کرنا اور انہیں فوری ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہونی چاہیے

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے آزاد جموں و کشمیر میں

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں سیاسی فتنہ الخوارج بھی ہیں جن کا ہمیشہ مقصد پاکستان کو نقصان پہنچانا رہا ہے، رانا تنویر

بی ٹی آئی کو کہتے ہیں جمہوری سیاسی طریقہ اپنائے، بارلیمانی طریقہ ہی جمہوریت کا طریقہ ہے، وفاقی وزیر

مریدکے (این این آئی) وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ جس طرح وزیر اعظم شہباز شریف نے بلوچستان میں قومی ڈائیلاگ کی بات کی ہے ویسے ہی ڈائیلاگ اور مذاکرات کی بات وزیر اعظم اپوزیشن جماعتوں سے متعلق بھی کر رہے ہیں، جس طرح فتنہ الخوارج بھارتی سرپرستی میں پاکستان کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں ایسے ہی سیاسی فتنہ الخوارج بھی ہیں جن کا ہمیشہ مقصد پاکستان کو نقصان پہنچانا رہا ہے، ہم جمہوری لوگ ہیں اور حکومت ہمیشہ مذاکرات اور ڈائیلاگ کو ترجیح دیتی رہی ہے۔ گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ٹی

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

امریکا کی معاشی جنگ میں مدد کرنے والوں کو نشانہ بنائیں گے، محسن صائمی

ہم تمام پڑوسی ممالک سے کہہ رہے ہیں کہ وہ امریکا کے ساتھ ہمارے خلاف معاشی جنگ میں شریک نہ ہوں ورنہ ہم انہیں بھی دشمن سمجھیں گے

تہران (این این آئی) ایران کی قومی سلامتی کونسل کے سربراہ محسن رضائی نے کہا کہ ہم تمام پڑوسی ممالک سے کہہ رہے ہیں کہ وہ امریکا کے ساتھ ہمارے خلاف معاشی جنگ میں شریک نہ ہوں ورنہ ہم انہیں بھی دشمن سمجھیں گے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، ساؤتھ ایشیا اولمپک کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

بی آر اے نے ٹورآپریٹرز کی خدمات پر بلوچستان ٹیکز ٹیکس کی شرح 5 فیصد مقرر کر دی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے تحت ٹورآپریٹرز کی جانب سے فراہم کردہ خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) کی شرح 5 فیصد مقرر ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے تمام متعلقہ ٹورآپریٹرز کو ہدایت کی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

یوریا کھاد پر پابندی کسانوں کا معاشی قتل ہے، ایمل ولی خان

تمام اضلاع اور بلوچستان کے طلبہ کو میڈیکل نشستوں سے محروم رکھنا انسوسناک ہے، صدر عوامی نیشنل پارٹی

پشاور (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان نے چیئرمین پختونخوا میں یوریا کھاد کے استعمال، خرید و فروخت اور ٹرسل پر پابندی کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے اسے کسانوں کا معاشی قتل اور صوبے کی زرعی معیشت پر براہ راست حملہ قرار دیا ہے۔ ایمل ولی خان نے کہا کہ چیئرمین پختونخوا میں کاروبار اور تجارت پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں، ایسے میں زراعت کے لیے بنیادی ضرورت کی کھاد پر پابندی صوبے کے معاشی استحکام کو مزید نقصان

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ہمارے پاس ایران کی مدد کرنے کا اختیار ہے، ہم ایران کو اسلحہ دیتے ہیں، رپورٹ

ایرانی نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے ٹرمپ کے آنے کے ہرمز سے متعلق دعووں کو خیالی باتیں قرار دیتے ہوئے انہیں مسترد کر دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آنے ہرمز کو ایک بار پھر امریکی علاقہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ امریکا اس اہم آبی گزرگاہ پر ناکہ بندی کے ذریعے کنٹرول رکھتا ہے۔ اس بات کا دعویٰ امریکی صدر نے گزشتہ روز تونی ہیرہ اکانکا میں ایک سیاسی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

عدالتی احکامات کی خلاف ورزی، پی سی بی کو کوئٹہ ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن کے انتخابات کراچی منتقل کرنے کا فیصلہ

بلوچستان میں امن و امان کے حالات سازگار نہیں ہیں، لہٰذا تحفظ کے پیش نظر یہ انتخابات کراچی منتقل کیے جا رہے ہیں

کوئٹہ / کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے سول کورٹ کوئٹہ میں کیس زیر التوا ہونے اور امتناعی حکم (اسٹے آرڈر) کے باوجود کوئٹہ ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن کے انتخابات 24 اگست کو کراچی میں منعقد کرانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ جس پر

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

برآمدات میں 19 فیصد اضافہ، تجارتی خسارہ 26 فیصد بڑھ گیا، حکومت نورنی ٹوئٹس نے سینیٹر محمد عبدالقادر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی بیدار اور سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ رواں سال جولائی میں درآمدات میں 19 فیصد اضافہ ہوا، جس کے نتیجے میں تجارتی خسارہ 26 فیصد بڑھ گیا۔ یہ صورتحال اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ معیشت

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بانی پی ٹی آئی اور نورین نیازی کی ملاقات سے متعلق من گھڑت خبریں چل رہی ہیں، بیرسٹر گوہر

ملاقات کے بعد نورین نیازی خوش تھیں، تمام کچھ چیزیں ایسی ہیں جو شیئر نہیں کی جا سکتیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے بعد نورین نیازی سے فون پر رابطہ ہوا تھا جو انہوں

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جماعت اسلامی کا 12 ربیع الاول کے بعد شٹر ڈاؤن اور لانگ مارچ کا اعلان

ہماری جدوجہد فیصلہ کن مرحلے کی طرف بڑھ رہی ہے، حافظ نعیم الرحمان

لاہور (یو این اے) پنجاب لیبر کنفلیکٹ کراچی، لاہور اور پشاور میں جماعت اسلامی کے دھرنے 8 دیں روز بھی جاری ہیں۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے دھرنے کے آخری روز لاہور میں پولیس کا تشدد کرتے ہوئے کہا کہ آج رات کو لاہور

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

روس یوکرین جنگ میں شدید 13 فراہلا فرانس کا کیف کو نئے میزائل دینے کا اعلان

جس کے نتیجے میں دو بچے ہلاک اور ان کے والدین زخمی ہو گئے۔ یوں جنگ کے دونوں جانب شہری آبادی ایک بار پھر بڑھتے ہوئے حملوں کی زد میں ہے

کیف (این این آئی) روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ میں حملوں میں ایک بار پھر شدت آ گئی ہے، جس کے دوران مختلف علاقوں میں ہونے والے حملوں میں کم از کم 13 افراد ہلاک ہو گئے، صورتحال کے پیش نظر فرانس نے یوکرین کو مزید فضائی دفاعی میزائل فراہم کرنے کا اعلان کیا

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں اور ٹیلنٹ کے مالک ہیں، بلال خان ناکڑ

بلوچستان کے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور مستقبل کی تیاری کے لیے مزید مواقع فراہم کرتے رہیں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان ناکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں اور ٹیلنٹ کے مالک ہیں، انہیں اپنی صلاحیتوں کو مثبت اور تعمیری انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے صوبے اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ نوجوان بلوچستان کا مستقبل ہیں اور مستقبل کی بھاگ دوڑ انہی کے ہاتھوں میں

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کی چین کو سمندری خوراک کی برآمدات میں 41 فیصد اضافہ

برآمدات رواں سال کے پہلے 7 ماہ میں 22 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں

بیجنگ (این این آئی) پاکستان کی چین کو سمندری خوراک (سی فوڈ) کی برآمدات 2026 کے پہلے سات ماہ کے دوران 22 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں، جو 2025 کے اسی عرصے میں 15 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کے مقابلے میں 41 فیصد کا نمایاں سالانہ اضافہ ہے۔ یہ اعداد و شمار چین کے جنرل ایڈمنسٹریشن آف کسٹمز (GACC) کے تازہ ترین اعداد و شمار سے

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ملک بھر کے دریاں میں سیلابی صورتحال بارے رپورٹ جاری

دریائے سندھ کے مختلف مقامات پر معمول سے زائد پانی کا بہاؤ ریکارڈ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے مختلف دریاں میں سیلابی صورتحال بارے رپورٹ جاری کر دی گئی۔ دریائے سندھ کے مختلف مقامات پر معمول سے زائد پانی کا بہاؤ ریکارڈ کیا گیا ہے، کالاباغ کے مقام پر مقام پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے جبکہ تربیلا ڈیم، چشمہ بیراج، تونسہ بیراج، گدو بیراج اور سکھر بیراج پر نچلے درجے کا سیلاب ہے۔ کالاباغ کے مقام پر

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

فارم 47 کے نمائندوں اور مسلط حکومت کو عوام سے کوئی سروکار نہیں، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

کنونشن، ماہ صاحب کے اظہر کے تقریر کے خطاب، ولی داد پال محمد، محمد زبیر بازئی جنرل سیکرٹری منتخب، جانی کرنے عطف لیا

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع پشین کے صدر محمد خان ترین کی صدارت تحصیل ژاب صاحب کانفرنس منعقد ہوا۔ انتخابی اجلاس میں تحصیل ژاب صاحب کے صدر ولی داد پال، محمد زبیر بازئی جنرل سیکرٹری اور ان کے ساتھ 15 رکنی کابینہ و منتخب طور پر منتخب کیا گیا۔ نومنتخب کابینہ سے ضلعی جنرل سیکرٹری

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سرکاری افسران کے قبل از وقت ریٹائرمنٹ لینے کے رجحان میں اضافہ

صرف 5 ماہ میں 4 سینئر سرکاری افسران قبل از وقت ریٹائرڈ، تین سال کے دوران 9 سرکاری افسران نے قبل از وقت ریٹائرمنٹ لی

اسلام آباد (آن لائن) سرکاری افسران کے قبل از وقت ریٹائرمنٹ لینے کے رجحان میں اضافہ دیکھا گیا ہے اور رواں سال صرف 5 ماہ میں 4 سینئر سرکاری افسران قبل از وقت ریٹائرڈ ہو گئے۔ گزشتہ تین سال کے دوران 9 سرکاری افسران نے قبل

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

لانگ مارچ 27 ستمبر کو ہی ہوگا تاریخ میں کوئی ردوبدل نہیں، وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی

لانگ مارچ کی قیادت خود کروں گا اور لاکھوں افراد اسلام آباد کے لیے جا رہا ہوں، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے دوٹوک کہا ہے کہ لانگ مارچ 27 ستمبر کو ہی ہوگا تاریخ میں کوئی ردوبدل نہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پریم کورٹ کے فیصلے کے باوجود بانی کا طبی اسپتال میں علاج نہیں کرایا گیا، لانگ مارچ کی قیادت خود کروں گا اور لاکھوں افراد اسلام آباد کے لیے جا رہا ہوں۔ سہیل آفریدی نے ہدایت کی کہ کارکن تیاری شروع کریں۔ 27 ستمبر کو کامیاب ہو کر واپس آئیں گے۔ اس سے قبل منگل میں اڈیالہ جیل کے باہر صدیق چوک پر اسٹریٹ موومنٹ کا مشکل خطاب کیا تھا

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایران نے اسرائیلی اسٹیکر کے دورہ بغداد میں اس معاملے پر درخواست کی تھی، میڈیا رپورٹ

ایران نے عراق کے تیل بردار جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دیدی

تہران (این این آئی) ایران نے عراق کے مسلسل مطالبے کی درخواستوں کے بعد متعدد عراقی آئل ٹینکروں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی خصوصی اجازت دے دی ہے۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق عراقی تیل بردار جہازوں کو خصوصی اجازت دینے کا معاملہ پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف کے حالیہ دورہ عراق کے دوران بغداد کی اہم درخواستوں میں شامل تھا۔ عراقی صدر نے تصدیق کی کہ ایران نے حالیہ دنوں میں

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، چیئرمین بیت یوسف رضا گیلانی نے قطر کے وزیر داخلہ شیخ طلال بن سعید المالکی سے ملاقات کر رہے ہیں

روڈ کے بجائے میں اتار چڑھاؤ، فی من 700 روپے تک اضافہ، بعد ازاں 400 روپے کمی

کراچی (این این آئی) مقامی کارن مارکیٹ میں گزشتہ ہفتے روڈی کے بھاؤ میں نمایاں اتار چڑھاؤ دیکھنے میں آیا۔ کلڈ زرا پہورٹ کی آخد وزد پر پیر جام ہڑتال ختم ہونے کے بعد ٹیکسائل منڈی جانب سے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے طلبہ کو میڈیکل نشستوں سے محروم رکھنا انسوسناک ہے، صدر عوامی نیشنل پارٹی

پشاور (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان نے چیئرمین پختونخوا میں یوریا کھاد کے استعمال، خرید و فروخت اور ٹرسل پر پابندی کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے اسے کسانوں کا معاشی قتل اور صوبے کی زرعی معیشت پر براہ راست حملہ قرار دیا

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بھینس پاکستان رضا کار سروس ٹیم کو ام نوجوانوں کے جذبے اور سرحد پار ثقافتی تعاون کو فروغ دینے کا عزم

جنان (این این آئی) بھینس اور پاکستان کے درمیان نوجوانوں کے باہمی جذبوں اور سرحد پار ثقافتی تعاون کے ایک نئے باب کا آغاز ہو گیا، بھینس کے

روزنامہ عصر نو مستونگ
چیف ایڈیٹر و پبلشر ملک رضا بلوری نے اکبریہ پرنٹنگ پریس سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر ادارہ آفس مکی روڈ مستونگ سے شائع کیا
فون نمبر: 0081-283804
فیکس نمبر: 0081-282163
موبائل نمبر: 0333-7833669-0333-7
قیمت 10 روپے
Daily ASR-E-NAW Mastung
WEEKLY NEWSPAPER
Daily.asrenaw@gmail.com

بلوچستان کی ترقی کے لیئے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کے عملی اقدامات کے اعلانات

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے مسائل پر گرینڈ ڈائیلاگ کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ ماضی میں جو ہوا سو ہوا، بندوق اٹھانا قابل قبول نہیں۔ جو اپنا راستہ درست کرنے کو تیار ہیں انہیں خوش آمدید کہنا چاہیئے، بلوچستان کو ترقی و خوشحالی کی دوڑ میں شامل کئے بغیر پاکستان ترقی نہیں کر سکتا۔ گذشتہ روز بلوچستان نیشنل ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مسائل کے حل کا بہترین طریقہ مشاورت اور وسائل کی منصفانہ تقسیم ہے، بلوچستان کے عوام کی تمام جائز شکایات کا ازالہ کریں گے۔ ورکشاپ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزراء ، ارکانِ قومی و صوبائی اسمبلی، بلوچستان کی مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور عمائدین نے بھی شرکت کی۔ دریں اثناء ، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ بلوچستان اور پاکستان کا حال اور مستقبل ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا ہے اور ہمیشہ جڑا رہے گا۔ ریاست کے غیر متزلزل، پرعزم اور فیصلہ کن ردعمل سے دشمن کے عزائم ناکام بنائے جائیں گے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بلوچستان کی اہم شخصیات اور سیاسی قیادتوں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان باصلاحیت، ثابت قدم، محبِ وطن اور باوقار عوام سے مالا مال ہے۔ بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیت اور مواقع کی کوئی کمی نہیں، قوم کے اجتماعی عزم اور ریاست کے غیر متزلزل، پختہ اور فیصلہ کن ردعمل کے ذریعے دشمن کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا جائے گا۔ فیلڈ مارشل کا کہنا تھا کہ بیرونی سرپرستی میں کام کرنے والے پراکسی عناصر کو بلوچستان میں عدم استحکام پیدا کرنے، صوبے کی ترقی کے عمل میں رکاوٹ ڈالنے اور ریاست اور عوام کے درمیان خلیج پیدا کرنے کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ ریاست اپنے غیر متزلزل عزم کے ساتھ ان مذموم عزائم کو ناکام بنائے گی۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ بلوچستان اور پاکستان کا حال اور مستقبل ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ بلوچستان محض رقبے کے اعتبار سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ نہیں بلکہ قدرتی وسائل، جغرافیائی محلِ وقوع، گوادر کی بندرگاہ اور علاقائی تجارت کے روشن امکانات کے باعث ملکی معیشت، دفاع اور قومی سلامتی میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی پورے پاکستان کے امن، استحکام اور ترقی کی ضمانت ہے۔ اس تناظر میں ریاست دشمن عناصر کی جانب سے بلوچستان کے عوام کو ریاست سے بدظن کرنے اور صوبے کو بدامنی کی آگ میں جھونکنے کی ہر کوشش کو ناکام بنانا ہماری قومی ذمہ داری ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بلوچستان کی اہم شخصیات اور سیاسی قیادت سے ملاقات میں بجا طور پر اس عزم کا اظہار کیا کہ ریاست کے غیر متزلزل عزم اور فیصلہ کن ردعمل سے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے جائیں گے۔ ان کا یہ موقف اس حقیقت کی غمازی کرتا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف آپریشنز تک محدود نہیں بلکہ اس کے ساتھ قومی یکجہتی، سیاسی استحکام، معاشی ترقی اور عوامی اعتماد کی بحالی بھی ناگزیر ہے۔ ریاست نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی میں جس عزم کا مظاہرہ کیا ہے، اسے مستقل مزاجی کے ساتھ جاری رکھنے کی ضرورت ہے۔ اسی تناظر میں گذشتہ روز سکیورٹی فورسز اور پولیس نے بلوچستان کے علاقوں مستونگ، مچھ، خضدار اور پنجگور میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے فتنہ الہندوستان کے 37 دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا جبکہ خیبر پختونخوا کے علاقوں بنوں، شمالی وزیرستان، اورکزئی اور خیبر اضلاع میں دورانِ آپریشن 12 خوارج مارے گئے۔ سکیورٹی فورسز اور پولیس کی ان مشترکہ کارروائیوں میں مجموعی طور پر 49 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم میاں شہباز شریف نے ان کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے جو اس قومی احساس کی ترجمانی ہے کہ ملک کے دفاع اور شہریوں کے تحفظ کے لئے قربانیاں دینے والے ہمارے حقیقی محسن ہیں۔ دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائیاں اس امر کا بھی واضح پیغام ہیں کہ ریاست پاکستان اپنی سرزمین پر کسی مسلح گروہ کو عوام کی جان و مال اور ملکی سلامتی سے کھیلنے کی اجازت نہیں دے گی۔ بلوچستان میں بدامنی کے محرکات کا جائزہ لیتے ہوئے ہمیں اس حقیقت کو بھی پیش نظر رکھنا ہوگا کہ پاکستان کے دشمن طویل عرصے سے صوبے کی محرومیوں، پسماندگی اور عوامی شکایات کو اپنے مذموم مقاصد کے لئے استعمال کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ بھارتی پراکسیز کی شکل میں سرگرم دہشت گرد عناصر کا بنیادی ایجنڈہ پاکستان کی سلامتی کو کمزور کرنا اور قومی وحدت کو نقصان پہنچانا ہے۔ بھارت اگر پاکستان سے گزشتہ سال کی ہزیمت کا بدلہ لینے کے لئے پراکسی دہشت گردی کا راستہ اختیار کر رہا ہے تو اسے یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ پاکستان اپنے دفاع کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے اور اس کے عوام دشمن کے تمام عزائم کے مقابلے میں متحد ہیں۔ ہمیں بہرصورت یہ امر بھی پیش نظر رکھنا ہوگا کہ دہشت گردی کے خلاف کامیابی صرف سکیورٹی آپریشنز سے مکمل نہیں، بلوچستان کے عوام کی محرومیوں کا ازالہ بھی ضروری ہے۔

میری کوئی نہیں سنتا۔"

ظلم جب حد سے بڑھتا ہے تو ایک نہ ایک دن حق سر چڑھ کر بول پڑتا ہے۔ یہ قدرت کا وہ اصول ہے جسے تاریخ نے بارہا اپنے صفحات پر ثبت کیا ہے۔ ظالم کو بظاہر یوں محسوس ہوتا ہے کہ اس کی طاقت ہمیشہ قائم رہے گی، مظلوم کی آواز ہمیشہ دبا دی جائے گی اور سچ کو ہمیشہ خاموش رکھا جا سکے گا۔ مگر ایسا کبھی نہیں ہوتا۔ یہاں یہ بھی یاد رکھو کہ جب ظلم اس حد کو پار کر جائے تو پھر وہ آواز جنم لیتی ہے، جسے دبانا آسان نہیں ہوتا۔ وہ آواز ایک فرد کی ہو سکتی ہے، ایک خاندان کی، ایک بستی کی یا پھر پوری قوم کی۔ اس وقت تخت و تاج، عہدے، طاقت اور دولت سب بے معنی ہونے لگتے ہیں، کیونکہ حق کی طاقت کسی ظاہری سہارے کی محتاج نہیں ہوتی۔ تاریخ گواہ ہے کہ بڑے بڑے جابر آئے، انہوں نے لوگوں کو دبایا، دبایا اور خاموش کرایا، مگر ہمیشہ کے لیے قائم نہ رہ سکے۔ وقت نے ان کے نام مٹا دیے، جبکہ ان لوگوں کو یاد رکھا جنہوں نے ظلم کے سامنے حق کا دامن نہیں چھوڑا۔ لہٰذا اگر کوئی شخص یا نظام یہ سمجھتا ہے کہ ظلم کے ذریعے ہمیشہ لوگوں کو خاموش رکھا جا سکتا ہے، "تو اسے تاریخ کے آئینے میں اپنا چہرہ ضرور دیکھ لینا چاہیے۔"

آج کے اس کالم میں اتنی لمبی چوڑی تمہید اس لیے باندھی گئی ہے کہ ہمارے قابل احترام دوست کے ساتھ ہونے والی زیادتی

گلزار ملک

کے آگے یہ کچھ بھی نہیں ہے۔ یہ وہ انسان ہے جو بحیثیت انسان لوگوں کا درد رکھنے والے، ایک اچھی شہرت کے حامل، جنہیں لوگ علاقہ بھر میں ایک اچھی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ہر کسی کے کام آنے والی شخصیت کے مالک ہیں۔ جو پیر طریقت الحاج حافظ محمد نقیب الرحمٰن سجادہ نشین دربار عالیہ محمدیہ عیدگاہ شریف راولپنڈی کے مرید خاص چوہدری حاجی سعید احمد گجر صاحب ہیں، جو ضلع آبادی گاؤں سلطان کے سندر ضلع لاہور کے رہائشی ہیں، پیشہ کے اعتبار سے ایک زمیندار ہیں۔ ان کے ساتھ ہونے والی زیادتی ابھی کی زبانی سنتے ہیں، علامہ اقبال ٹاؤن زون، میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کی ٹیم نے ان کی اس حویلی کو مسمار کر دیا جو انہوں نے اپنی ذاتی زمین میں بنا رکھی تھی ان کا کہنا ہے، کہ ہماری تعمیرات صرف اور صرف زرعی مقصد کے لیے تھیں جن پر کوئی کمرشل لائیسنس فیس لاگو نہ ہوتی تھیں، حویلی مذکورہ کا گرا ہوا ملبہ ہم نے خود جا کر اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ اس عملہ نے ان کے ساتھ بہت بڑی زیادتی کی ہے۔ جس سے ان کا لاکھوں روپے کا نقصان ہوا ہے، یاد رہے کہ یہ ان دنوں کی بات ہے جب ان کے گھر پر ہر سال ایک عظیم الشان سالانہ محفل میلاد کا ایک روزہ اہتمام کیا جاتا ہے اس محفل میں ان کے مرشد پیر نقیب الرحمٰن صاحب کا خصوصی خطاب اور دعا ہوتی ہے جس میں ہزاروں مرد اور خواتین شرکت کرتے ہیں۔ محکمہ نے ان کی اس مصروفیت کی وجہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان کی بے خبری میں مذکورہ حویلی کی عمارت کو گرا دیا۔ چوہدری حاجی سعید احمد گجر صاحب نے بتایا ہے کہ میں نے بعد میں زونل آفیسر پلاننگ علامہ اقبال ٹاؤن کو ایک تحریری درخواست دی دوسری درخواست چیف آفیسر صاحب کو ایک نہیں دو بار دی، اس کے بعد چوتھی مرتبہ سیکرٹری صاحب لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب لاہور کو بھی دو بار تحریری طور پر درخواستیں دی گئی مگر انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ میری کوئی شنوائی نہیں ہوئی، انہوں نے یہ بھی بتایا ہے کہ میں نے واری اور اپنے نقصان کے ازالہ کے لیے ہائی کورٹ لاہور میں ایک رٹ پٹیشن دائر کی، جس پر عدالت عالیہ نے محکمہ مذکورہ کو حکم دیا مگر اس محکمے نے عدالت عالیہ کے حکم کو بھی ہوا میں اڑا کر رکھ دیا اور اب جہاں بھی میں انصاف کے حصول کے لیے جاتا ہوں۔ وہاں پر میری بات کو نہیں سنا جاتا اب آپ ہی بتائیں کہ میں کہاں جاؤں "میری تو کوئی نہیں سنتا،" میری وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ سے اپیل ہیں کہ وہ اس بات کا نوٹس لیں اور میرے ساتھ ہونے والی زیادتی اور نقصان کا ازالہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ میں حق بجانب ہوں مگر میری بامسئلہ مل" شاید دنیا کی بہت سی تنخیاں اسی ایک جملے سے کم ہو جائیں۔ اور شاید کسی کی زبان سے یہ شکوہ بھی ختم ہو جائے:

"میری کوئی نہیں سنتا۔"

بھارتی خوش فہمی کا سایہ

پاکستان کے اندرونی مسائل ہوں یا آزاد کشمیر میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال، بھارتی میڈیا پاکستان دشمنی کے خلاف بیانیہ بنانے اور سرحد کے اس پار حالات کو جنگ، چیخ چیخ کر بیان کرنا شروع کر دیتا ہے۔ ایک بڑی جمہوریت کہلانے والے ملک نے کشمیری مسلمانوں پر اپنی ظالم فوج کے ذریعے اتنے مظالم ڈھائے کہ انسانیت بھی شرما جائے۔ بھارت کی طرف سے ایک بیان سامنے آیا ہے کہ مکمل جوائنٹ دفاعی معاہدے پر گہری نظر ہے۔ اس بیان کے تناظر میں جائزہ لیا جائے تو بھارت پاکستان یا یوں کہیں کہ امت مسلمہ کے اندرونی معاملات کا جائزہ لینے کی آڑ میں مداخلت کی کوشش کر رہا ہے، واضح ہے کہ بھارتی ایک ایسے وقت میں اسرائیل کا دورہ کیا تھا جب امریکہ کے ساتھ مل کر ایران پر حملہ کیا گیا تھا، آن کا۔ یہ دورہ تب بھی سوالیہ نشان تھا کہ بھارت جان بوجھ کر جنگ کی حمایت کرنے یا اسرائیل کا ساتھ دینے کی کوشش تو نہیں کر رہا۔ اس سلسلے میں اہم امر یہ ہے کہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ نے اہم مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں۔ بھارت ہرگز خاموش تماشائی کا کردار ادا نہیں کر رہا۔ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ تینوں ممالک کے مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت کسی ایک ملک پر حملہ پوری مسلم امہ پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ معاہدہ ممکنہ نیٹو طرز کا اتحاد ہے، مزید ممالک

کرن عزیز کشمیری

کردار ادا رہا ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے لاکھوں بچے خوف کے سائے میں پلے بڑھے۔ ان کی پرورش والدین کو ایک ایسے ماحول میں کرنا پڑی جہاں سناٹے میں صرف فوجی بوٹوں کی آوازیں سنائی دیتی تھیں۔ کشمیر ہرگز آپ عام قوم نہیں ہے۔ نہ ہی کبھی کسی غاصب کی غلامی قبول کرے گی۔ کشمیری دنیا کے کسی کونے میں بھی ہوں، آزادی کو ہی ترجیح دیتے ہیں اور اتحاد کے ساتھ رہنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ بھارتی قابض فورسز کی جانب۔ انسانی حقوق کی پامالیاں، انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں کی جانب سے مسلسل نظر انداز کی گئیں۔ کم عمر بچوں اور نوجوانوں کی گرفتاریاں وادی کے لوگوں کے لیے تشدد کا باعث رہی۔ شہریوں پر دوران حراست تشدد کیا گیا، دھمکیوں اور ڈنڈوں، دباؤ کے ذریعے اعتراف۔ آن کے حقوق سے دور رکھنے کی ناکام کوششیں کی گئیں، مگر تاریخ گواہ ہے، خوف کبھی ظلم کو مٹا نہیں ہے، ظالم خود مٹ جاتا ہے۔ غاصب اپنے انجام تک پہنچ کر رہتا ہے۔ بھارت نے کشمیری نوجوانوں کے مستقبل پر گہرے منفی اثرات مرتب کرنے کے لیے دہشت گردی کی انتہا کر دی۔ بھارتی فورسز نے دہشت کردی، وادی میں خوف کی علامت بن کر رہ گئی ہے۔ بھارت نے اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لیے خوف و دہشت کی دنیا میں ایک نئی مثال قائم کی۔ قابض بھارتی افواج کی جانب سے محاصر یور تلاشی کشمیریوں کو غلام۔ بنائے رکھنے کی جانب ایک انتہائی خوف ناک اقدام تھا۔ دنیا یہ نہ بھولے کہ مقبوضہ وادی میں امن قائم ہے۔ بھارتی حکومت اور اسکے فوجی۔ مقبوضہ وادی کی توانا۔ آوازوں کو خاموش کروا کر۔ دنیا کو دھوکے میں نہیں رکھ سکتے۔ حراست میں لئے گئے۔ حریت رہنماں کو طویل عرصے سے قید میں رکھا گیا ہے۔ آخر ان رہنماں کے حق میں اٹھنے والی آوازیں کیوں خاموش کروادی گئیں؟ بھارت میں بسنے والے مسلمان مودی حکومت سے شدید نالاں ہیں۔ حریت رہنماں کی گرتی ہوئی صحت کے لیے تمام انسانی حقوق کی تنظیموں۔ کو کردار ادا کرنا چاہیے۔ انسان حقوق کی بین الاقوامی تنظیمیں کشمیری حریت رہنماں اور کارکنوں کے۔ بھارتی عدالتوں میں غیر منصفانہ۔ مقدمات کا نوٹس لیں۔ ان کا ٹرائل حق کی بنیاد پر نہیں کیا جا رہا ہے۔ دنیا کو کشمیریوں پر ہونے والے ظلم و نظر انداز نہیں کرنا چاہیے اور اس۔ سلسلے میں خاموش تماشائی کا کردار بھی قابل قبول نہیں ہے۔ عالمی۔ برادری کشمیریوں پر ہونے والے۔ مظالم کا نوٹس لے۔ بھارت۔ نہیں چاہتا کے خطے میں امن و استحکام اور تعلقات کی خرابی۔ برقرار رہے۔ ہمیں یاد رکھنا۔ چاہیے کہ پردے کے پیچھے۔ بھارت خاموش نہیں ہے، بلکہ دہشت۔ کا روائیوں کو انجام دینے کے لیے مختلف

آزادی کے حقیقی مقاصد اور نئی نسل کی فکری تربیت

آزادی محض ایک خط ? زمین حاصل کرنے کا نام نہیں بلکہ یہ ایک نظریے، جدوجہد، قربانی اور ذمہ داری کا سفر ہے۔ قومیں اس وقت حقیقی معنوں میں آزاد ہوتی ہیں جب وہ اپنی آزادی کے مقاصد کو سمجھنے کے ساتھ ساتھ اگلی آنے والی نسلوں تک منتقل کرنے کا اہتمام بھی کرتی ہیں۔ اسی احساسِ ذمہ داری کے تحت پریس کلب تحصیل حسن ابدال گزشتہ کئی برسوں سے سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات کے درمیان ذہنی آزمائش اور کوئز مقابلوں کا انعقاد کر رہا ہے، جو بلاشبہ ایک قابلِ تحسین علمی و قومی کاوش ہے۔ اس سال منعقد ہونے والے ذہنی آزمائش کے مقابلوں میں پرائیویٹ اور سرکاری سکولوں سے طلبہ و طالبات کی 36 ٹیموں نے حصہ لیا۔ ان مقابلوں کا مقصد محض کسی ایک ٹیم کو فاتح قرار دینا نہیں تھا بلکہ طلبہ و طالبات میں تحریکِ پاکستان، قیامِ پاکستان کے مقاصد، سیرت رسول اکرم ?، جدید علوم، کمپیوٹر سائنسز اور عالمی حالات کے بارے میں شعور اجاگر کرنا تھا۔

مقابلوں میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے صدر بار ایسوی ایشن سید اقدس حسین شاہ کی معاونت سے سینئر وکلا اصف خان ایڈووکیٹ، وقار عالم جدون ایڈووکیٹ اور سید ظہیر حسین ایڈووکیٹ نے طلبہ کے کوئز مقابلوں میں بطور جج اپنی ذمہ داریاں ادا کیں، جبکہ طالبات کے مقابلوں میں خواتین وکلا نبیلہ شاہین، مریم ظفر، فرح رعنا، داورہ ریاض، نائمہ خان اور ایشاء ، طور راضیہ نے بطور جج خدمات انجام دیں۔ تمام مقابلوں میں نظامت کے فرائض محترمہ شہلا اکمل احمد

حاجی محمد رفیق قادری

نے نہایت محنگی سے سرانجام دیے۔

تقریباً ایک ہفتے تک جاری رہنے والے ان مقابلوں میں مختلف سکولوں کے سربراہان اور محکمہ تعلیم کے افسران نے بطور ممبر شرکت کی۔ ڈپٹی ڈی ای او غلام قادر راؤ اور ڈپٹی ڈی ای او زنانہ محترمہ تو قیر بی بی سمیت دیگر تعلیمی شخصیات نے بچوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انھیں علمی میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے پر پریس کلب کے کاوش کو سراہا۔ ذہنی آزمائش کے ان مقابلوں کی مرکزی تقریب ایک مقامی شادی ہال میں منعقد ہوئی، جہاں فائنل راؤنڈ میں پہنچنے والی ٹیموں کے درمیان کانٹے دار مقابلہ ہوا۔ تقریب کی صدارت ایڈوائزر رحمت اللعالمین و خاتم النبیین اتھارٹی اسلام آباد طاہر رفیق نے کی، جبکہ ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ انک شہزاد نیاز کھوکھر مہمانِ اعزاز اور ڈی جی نیکرا ملک ظفر محمود مہمانِ خصوصی تھے۔ سخت اور دلچسپ مقابلے کے بعد گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول بھوئی گاڑ اور الائیڈ سکول حسن ابدال کی ٹیموں نے اپنی مدِ مقابل ٹیموں کو شکست دے کر فاتح ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر مجلس طاہر رفیق نے کہا کہ انھوں نے محکمہ تعلیم میں 38 سال گزارے اور پاکستان کے چاروں صوبوں کے تعلیمی اداروں کو قریب سے دیکھا، جبکہ دنیا کے 100 سے زائد ممالک کا سفر بھی کیا۔ تاہم حسن ابدال میں نوجوان نسل کے لیے منعقد کی جانے والی اس علمی سرگرمی کو دیکھ کر انہیں جس قلبی خوشی اور اطمینان کا احساس ہوا، اسے الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہے۔ انھوں نے کہا کہ پریس کلب کی انتظامیہ طلبہ و طالبات کو تحریکِ پاکستان، آزادی کے مقاصد، سیرت النبی ?، کمپیوٹر سائنسز اور عالمی حالات سے روشناس کرا کے حقیقی معنوں میں قومی خدمت انجام دے رہی ہے۔ یہ بچے پاکستان کا مستقبل اور اس کے حقیقی وارث ہیں۔ ان کی بہتر تعلیم و تربیت ہی ہمارے آنے والے کل کو محفوظ اور تابناک بنا سکتی ہے۔ مہمانِ خصوصی ملک ظفر محمود نے کہا کہ نوجوان نسل میں سیرت النبی ? کے فروغ کے لیے پریس کلب کی کاوش قابلِ تحسین ہے۔ انھوں نے رحمت اللعالمین و خاتم النبیین اتھارٹی کی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اتھارٹی بین المذاہب مہم آہنگی کے فروغ اور شدت پسندی و انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اتھارٹی کے پلیٹ فارم سے سیرت رسول ? کو عام کرنے کے لیے 16 کتب شائع کی جا چکی ہیں، جبکہ ان میں سے ایک کتاب کو صدارتی ایوارڈ سے بھی نوازا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اعتدال پسند علما کی جانب سے سیرت النبی ? پر لکھی گئی کتب اہلِ علم و دانش کو بطور تحفہ پیش کی جاتی ہیں۔ اتھارٹی کا بنیادی مقصد نئی نسل کو حضور نبی کریم ? کی سیرت طیبہ کے سانچے میں ڈھالنا ہے تاکہ معاشرے میں باہمی احترام، رواداری، برداشت اور اعتدال کی اقدار کو فروغ دیا جا سکے۔

اس موقع پر صدر بار ایسوی ایشن سید اقدس حسین شاہ، طاہر محمود دورانی، مسلم لیگ ن کے ضلعی نائب صدر میر نوید اختر اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا اور پریس کلب کی علمی سرگرمیوں کو سراہا۔ تقریب کے اختتام پر صدر مجلس طاہر رفیق اور مہمانِ خصوصی ملک ظفر محمود کی جانب سے کوئز مقابلوں میں بطور جج خدمات انجام دینے والے وکلا، خواتین و حضرات اور شہر کی نمائندہ شخصیات کو معروف عالم و ادیب مولانا شبلی نعمانی؟ کی شہرہ ? آفاق تصنیف "سیرت النبی ?" بطور تحفہ پیش کی گئی۔ حقیقت یہ ہے کہ آج کے دور میں جب نوجوان نسل کو بے شمار فکری چیلنجز درپیش ہیں، ایسے علمی و تربیتی مقابلے محض تقریبات نہیں بلکہ قوم کے مستقبل کی تعمیر کا ذریعہ ہیں۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ آزادی کی قدر و قیمت، تحریک پاکستان کی جدوجہد اور قیام پاکستان کے حقیقی مقاصد نئی نسل کے دلوں میں زندہ رہیں تو ہمیں کتاب، علم، تحقیق، سوال اور مکالمے کو اپنی قومی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا۔

دور دشن کتابیں اور جاوید طفیل مرحوم

اس بارادبی جرائد سے نسبت رکھنے والی ایک اہم شخصیت جاوید طفیل کی برسی کے حوالے سے بات کرنی ہے لیکن پہلے محسن اعظم ? اور وطن کے دفاع کی باتیں۔ انتہائی محترم المقام ربیع الاول ہمارے ا? قا دمولیٰ کی ولادت باسعادت سے نسبت رکھتا ہے اور پوری امت کے ساتھ پاکستانی قوم بھی اپنی مسرت کے اظہار کے لئے تیار ہے۔ ثنائے خواجہ یثرب کی خاطر موقع مل گیا پہلے)سیرت معلم انسانیت (کی بات کروں گا۔ پیغمبر ا? خر الزماں ? کا تو پیغام ہی ایسا ہے کہ ا? ج تک جس کی روشنی دلوں کو منور کیے جا رہی ہے۔ ڈاکٹر طارق سلیم کی لکھی ہوئی سیرت پاک ? کی اس کتاب کے حوالے سے جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے بجا کہا ہے کہ پیشہ ور قلم فاد? ٹیشن کے مہتمم علامہ عبدالستار عاصم کی طرف سے محنت عقیدت اور حسن ذوق کی مظہر اس کتاب میں مصنف ڈاکٹر طارق سلیم نے سیرت طیبہ کو نہ صرف تاریخی ترتیب کے ساتھ بیان کرنے کی کوشش کی ہے بلکہ ہر باب کے ساتھ ایسے اسباق بھی شامل کئے ہیں جو قارئین کو اپنی عملی زندگی سے جوڑتے ہیں۔ مفتی منیب الرحمان اور مولانا تقی عثمانی سمیت بہت سے صاحبان رائے نے ایسے ہی جذبات کا اظہار کیا ہے۔ انداز تحریر سادا اور عام فہم ہے۔ ا? ج کے حالات کا تقاضا ہے کہ اپنی زندگی کو عملی طور پر حضور ? کے نقش قدم پر لے ا? ئیں۔ صرف عبادات تک خود کو محدود نہ کریں بلکہ روزمرہ کے معاملات لین دین ،ا? مد و رفت گفتگو، اشیائے خورد و نوش کی تیاری ،خرید و فروخت ،عدل و انصاف ،خلق خدا سے برتاؤ ،وعدہ و عید، تقریر و تحریر غرض ہر معاملے میں حضور ? کی سیرت سے راہنمائی لی جائے۔ یہی اس کتاب کے مطالعے کا حاصل ہے۔ چند دن بعد قوم یوم دفاع کے حوالے سے 1965ء کی جنگ ستمبر کی یادیں تازہ کرے گی۔ ویسے تو بدنیت بھارتی قیادت کی سازشوں کے باعث قیام پاکستان سے اب تک پاکستان کی مسلح افواج بھارت کے مقابلے میں دفاعی جنگ کی حالت میں ہیں اور وطن کے دفاع کے لئے قربانیوں کا سلسلہ جاری ہے لیکن گزشتہ سال مئی میں اپریشن سندور کے جواب میں اپریشن بنیان مرصوص کی صورت میں دشمن کا جو حشر کیا گیا ہے، اس سے ماضی کے تمام حسابات بے باک ہو گئے ہیں۔ ماضی سے حال تک بھارت کے ساتھ عسکری ا? نکھ مچولی میں وطن عزیز کے بہت سے دلیر فوجیوں نے جان کا نذرانہ بھی پیش کیا ہے۔ لیفٹیننٹ کرنل)(امجد حسین امجد نے پاک فوج کے مجلہ ہلال اور مختلف اخبارات میں شائع ہونے والے اپنے مضامین جناب مجیب الرحمان شامی نے لکھا ہے کہ جنا محافظ کے طور پر ان کی خدمات کا سلسلہ جاری ہے۔ وہ شہیدوں کا تذکرہ کر رہے ہیں

بیدار سرمدی

سے کھلنے لگے ہیں۔

مذکورہ پس منظر میں دو ایسی کتابیں نظر سے گزری ہیں کہ جن کو پڑھتے ہوئے اردگرد کی سماجی سیاسی اور معاشی تلخیوں کو بھلا کر سکون سے کچھ وقت گزارنے کا موقع مل گیا پہلے)سیرت معلم

ہمارے ہونٹ جب ہلنے لگے ہیں لبوں کو سرمدی خوشبو ملی ہے زباں پر پھول

تقلین جعفری کی "سرود سخن"

نذیر قیصر کی کتاب "حرف سے کونپلیں نکل ا? ئیں" کی تقریب پذیرائی کا اہتمام میرے گھر میں ہوا جو ایک رسمی نشست کے بجائے اہلِ ادب کی بامعنی ملاقات بن گئی۔ مختلف لکھاریوں نے کتاب کے فکری اور فنی پہلوؤں پر اظہار خیال کیا اور گفتگو نے ایک بھرپور ادبی مکالمے

بلقیس ریاض

کی صورت اختیار کر لی۔ اسی محفل میں تقلین جعفری بھی شریک تھے۔ ان کی شخصیت میں سادگی اور متانت نمایاں تھی۔ تقریب کے اختتام پر انہوں نے اپنی کتاب "سرود سخن" مجھے دی اور مطالعے کی درخواست کی۔ یہ محض ایک تحفہ نہیں بلکہ ایک تخلیق کار کی اپنے کلام سے وابستگی کا اظہار تھا۔

میں نے کتاب اگلے دن پڑھنا شروع کی۔ ابتدا ہی سے اندازہ ہوا کہ یہ محض اشعار کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک حساس ذہن کے تجربات اور مشاہدات کا اظہار ہے۔ شاعر نے اپنے احساسات کو سادہ مگر موثر زبان میں پیش کیا ہے جس میں بناوٹ کے بجائے سچائی نمایاں ہے۔

تقلین جعفری کی شاعری کی بنیادی خصوصیت اس کی سادگی اور جذباتی صداقت ہے۔ وہ پیچیدہ نظریات کے بجائے عام فہم زبان میں گہری کیفیات بیان کرتے ہیں۔ ان کے ہاں محبت، ہجر، تنہائی اور وقت کے تجربات ایک نرم مگر اثر انگیز انداز میں سامنے ا? تے ہیں۔

کتاب میں زندگی کے مختلف پہلوؤں کا مشاہدہ ملتا ہے۔ کہیں محبت کی نرمی ہے، کہیں جدائی کی تلخی، کہیں انسانی رویوں کی پیچیدگی اور کہیں وقت کے بدلتے رنگ۔ شاعر کا زاویہ نظر صرف ذاتی تجربے تک محدود نہیں رہتا بلکہ وہ اجتماعی زندگی کی کیفیتوں کو بھی محسوس کرتا ہے۔

معاشرتی فریب اور انسانی تجربات کو وہ یوں بیان کرتے ہیں۔

لبھاتی رہی ہے دنیا فریب دے دے کر
ہمیں بھی روز تماشا نیا دکھاتی ہے۔

یہ شعر زندگی کی اس حقیقت کو سامنے لاتا ہے جہاں انسان مسلسل بدلتے حالات اور رویوں سے گزرتا ہے۔

اسی طرح جدائی کے تجربے کو وہ یوں بیان کرتے ہیں۔

اب تیرے خواب
اذیت نہیں دیتے مجھ کو
یہ ہنر
میں نے ریاضت سے کمایا ہوا ہے۔

یہاں دکھ سے گزر کر حاصل ہونے والی ذہنی مضبوطی اور قوت یت کا پہلو نمایاں ہے۔ ان کی شاعری میں محبت محض ایک جذباتی کیفیت نہیں بلکہ انسانی تجربے کی ایک وسیع صورت ہے۔ ہجر اور یادیں بھی ان کے ہاں نرم لہجے میں بیان ہوتی ہیں جہاں غم شدت کے بجائے تدریج کے ساتھ محسوس ہوتا ہے۔

تقلین جعفری کا انداز بیان غیر مصنوعی اور رواں ہے۔ وہ مشکل بات کو سادہ انداز میں کہنے کا ہنر رکھتے ہیں جس سے ان کا کلام عام قاری کے لیے بھی قابلِ فہم اور بامعنی بن جاتا ہے۔

"سرود سخن" میں ہر شعر کسی نہ کسی تجربے، احساس یا مشاہدے کی نمائندگی کرتا ہے۔ یہ کتاب قاری کو صرف پڑھنے کا موقع نہیں دیتی بلکہ سوچنے اور محسوس کرنے پر بھی آمادہ کرتی ہے۔

مجموعی طور پر یہ شعری مجموعہ محبت، ہجر، انسانی رویوں اور زندگی کی حقیقتوں کا ایک متوازن اظہار ہے۔ اس میں فکری گہرائی کے ساتھ جذباتی سادگی بھی موجود ہے جو اسے قابل مطالعہ بناتی ہے۔

ان کی شاعری میں محبت محض ایک جذباتی کیفیت نہیں بلکہ انسانی تجربے کی ایک وسیع صورت ہے۔ ہجر اور یادیں بھی ان کے ہاں نرم لہجے میں بیان ہوتی ہیں جہاں غم شدت کے بجائے تدریج کے ساتھ محسوس ہوتا ہے۔

تدبیر کند بندہ، تقدیر کند خندہ

فارسی کا ایک مشہور مقولہ ہے، "تدبیر کند بندہ، تقدیر کند خندہ"۔ مطلب یہ کہ انسان تدبیر کرتا ہے، لیکن تقدیر اس پر ہنستی ہے۔ ا? نے والا وقت انسانی سوچ کے تمام زاویوں سے مطابقت رکھتا ہو، یہ ضروری

اللہ دتہ نجمی

نہیں۔ وہ موافق بھی ہو سکتا

ABC CERTIFIED
روزنامہ عصرِ نو مستونگ
Daily ASR-E-NAU Mastaung

مزید صوبوں سے پاکستان عدم استحکام کا شکار ہو سکتا ہے

